© rasailojaraid.com



غلط کی تمیز کا یہ علم ایک بڑا عظیم الشان علم ہے جو مسلمانوں کے سوا دنیا کی کسی قوم نے آج تک ایجاد نہیں کیا ہے۔ سخت بدنصیب ہیں وہ لوگ جو اس علم کو حاصل کیے بغیر مغربی مستشرقین کے بہکائے میں آکر حدیث و سنت کو ناقابلِ اعتبار ٹھیراتے ہیں اور نہیں جانتے کہ اپنی اِس جاہلانہ جسارت سے وہ اسلام کو کتنا بڑا نقصان پہنچا رہے ہیں۔

---

## تصیح

تفہیم القرآن جلد دوم صفحہ ۳، سطر ۶ میں غلطی سے اِذَا هُمۡ يَنۡكِثُوۡنَ لکھا گیا ہے۔ صحیح لفظ اِذَا هُمۡ يَنۡكُثُوۡنَ ہے۔ جن اصحاب کے پاس یہ کتاب موجود ہو وہ براہِ کرم اس کی تصیح کریں۔

© rasailojaraid.com